29 ستمبر 2023

# سٹی آف برامپٹن نے جانوروں کے لائسنس کے نظام کو اب بہت بہتر بنا دیا ہے

برامپٹن، آن - 1 نومبر سے، برامپٹن کے رہائشی اپنے پالتو جانوروں کو محفوظ رکھنے میں مدد کے لیے اب کتے اور بلی کے ایک سالہ اور دو سالہ لائسنس خرید سکتے ہیں۔ سٹی آف برامپٹن نے کیلنڈر سال کی میعاد کو خریداری کی تاریخ سے 365 یا 730 دنوں میں تبدیل کر کے پالتو جانوروں کے اپنے لائسنسنگ سسٹم کو بہتر بنا دیا ہے۔

**پالتو جانوروں کے نئے اسمارٹ ٹیگز**
پالتو جانوروں کا لائسنس خریدنے والے رہائشیوں کو اب پالتوں جانوروں کا "اسمارٹ" ٹیگ بھی ملے گا۔ ہر مالک کو فی پالتو جانور ایک ٹیگ ملے گا۔ پالتو جانوروں کے ٹیگز اس بات کو یقینی بنانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں کہ اگر کوئی پالتو جانور گم ہو جائے، تو اینیمل سروسز انہیں فوری طور پر ان کے خاندان کے ساتھ ملا سکیں۔ پہلے سال کے اندر گم شدہ ٹیگز $5 فیس کے عوض دوبارہ حاصل کیے جا سکیں گے۔ پہلے سال کے بعد ضائع شدہ اور گم شدہ ٹیگز دوبارہ مفت بنا کر دیئے جائیں گے۔ نیا اسمارٹ ٹیگ سسٹم نہ صرف گم شدہ پالتو جانوروں کو ان کے مالکان کے ساتھ دوبارہ ملانے میں مدد دے گا بلکہ یہ جانوروں کے ٹیگز کا ایک زیادہ مستحکم طریقہ بھی ہے جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ استعمال شدہ ٹیگ ہر سال کوڑے دان میں نہ چلے جائیں۔

اپنے پالتو جانور کا لائسنس حاصل کرنا اہم ہے۔ کوئی بھی شخص اپنے پالتو جانور کے لاپتہ ہونے کی توقع نہیں کرتا لیکن ایسا ہو بھی ہو سکتا ہے اور لائسنس بنوانا یہ یقینی بنانے کا بہترین طریقہ ہے کہ گمشدہ پالتو جانور محفوظ طریقے سے اپنے گھر واپس پہنچ جائیں۔

میونسپل بائی لاز کے تحت، برامپٹن میں تمام کتوں اور بلیوں کو سٹی کی جانب سے لائسنس یافتہ ہونا ضروری ہے۔ لائسنسوں سے جمع کی گئی رقم ایسے جانوروں کی دیکھ بھال پر خرچ کی جاتی ہے، جو روزانہ کی بنیاد پر شہر کے شیلٹر میں آتے ہیں۔

رہائشی آج ہی اپنے پالتو جانوروں کے لیے آن لائن، ذاتی طور پر، بذریعہ ٹیلی فون یا میل اپنے لائسنس حاصل کر سکتے ہیں۔

مزید یہاں جانیں: www.brampton.ca/animalservices

اضافی لنکس اور وسائل

- برامپٹن اینیمل سروسز – اپنا پالتو جانوروں کا لائسنس حاصل کرنا
- برامپٹن اینیمل سروسز – اپنے پالتو جانوروں کا آن لائن لائسنس حاصل کرنا۔
- برامپٹن اینیمل سروسز - اپنے پالتو جانوروں کا لائسنس حاصل کرنا - اکثر پوچھے جانے والے سوالات

-30-

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca